© rasailojaraid.com



تلخیص و تسہیل ان کے ایک مایۂ ناز خلیفہ مولانا عبدالحیؒ کے قلم سے صفحات ۱۱۲ ، ناشر مکتبہ قاسم العلوم جے ون/۱۴۰ کورنگی کراچی۔

**تمرین النحو** :۔۔۔ از مولانا محمد مصطفیٰ ندویؒ اضافہ از مولانا عبدالماجد ندوی ، صفحات ۱۳۲ ، قیمت ۵/۵۰ روپے ۔

**تمرین الصرف** :۔۔۔ از مولانا معین اللہ ندوی صفحات ۱۱۲ پہلی کتاب علم نحو اور دوسری علم صرف پر جدید طرز پر صرف و نحو کی مشقی کتاب اردو دان طبقہ کے علاوہ مدارس عربیہ کے طلبہ کے لئے بھی بے حد مفید ہر دو کتابوں پر مولانا ابوالحسن علی ندوی کا مقدمہ ہے ۔ اور دونوں کا ناشر: مجلس نشریات اسلام اے کے ۳ ناظم آباد کراچی۔

**صیانۃ الحدیث حصہ دوم** :۔۔۔ از مولانا عبدالرؤف رحمانی جھنڈا نگری سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال انڈیا۔ صفحات ۲۰۰ ، قیمت ۶/ روپے ۔ حجیۃ حدیث پر ایک وقیع اور عالمانہ کتاب کا دوسرا حصہ جس میں تدوین و حفاظت حدیث کے سلسلہ میں جلیل القدر تابعین اور محدثین عظام کا مختصر مگر مستند تذکرہ بھی آگیا ہے۔

**مقامع الحدید علی الکذاب العنید** :۔۔۔ بریلوی طبقہ کے ایک رسالہ المصباح الجدید کی تہمت طرازیوں کا جواب اور رضا خانی عقائد مؤلفہ محمد حنیف اعظمی مبارکپوری ۔ انڈیا کی کتاب کا عکسی ایڈیشن ہے ، صفحات ۹۶ قیمت ۳/ روپے ۔ ناشر :۔ انجمن ارشاد المسلمین ۶ ، بی شاداب کالونی ٹمپل روڈ لاہور ۔

**جامع الآراء فی مراتب الخلفاء** :۔۔۔ از مولانا لعل شاہ بخاری مدنی مسجد واہ کینٹ صفحات ۹۲ ، قیمت ۶/۵۰ روپے ۔ خلفائے راشدین کے مناقب و مراتب پر صحابہ کرام تابعین ائمہ عظام کے اقوال و تحریرات کی روشنی میں ایک سیر حاصل تبصرہ ۔ (س ح)

**زمزمۂ حق** | مؤلف : حافظ محمد ظہور الحق ظہورؔ ناشر : مکتبہ رشیدیہ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی صفحات : ۱۲۸ ، طباعت : عمدہ قیمت ۷/ روپے ۔

حافظ محمد ظہور الحق ظہورؔ خوش فکر شاعر ہیں۔ ان کا زیر نظر مجموعۂ کلام حمد و نعت ، منقبت صحابہؓ اور قومی و ملی منظومات پر مشتمل ہے ۔ وہ اُن قومی روایات کے امین ہیں جن کی داغ بیل مولانا حالیؔ نے ڈالی اور علامہ اقبالؒ نے انہیں صیقل کیا۔ حافظ ظہور صاحب کے اشعار حالی کیطرح پُر خلوص ، سادہ اور " از دل خیزد بر دل ریزد " کے مصداق ہیں۔ انہوں نے دوٹوک اور واضح الفاظ میں دینی دعوت پیش کرنے کا اسوۂ انبیاء سامنے رکھا ہے (اختر راہی)

© rasailojaraid.com